Music :- Hansraj Behl

گولڈن مووینز کا تیار کردہ

Bad

दरबार

دربار

ستارے

ممتا بال • جیون • [illegible]

سندر • [illegible]

وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری غلام رسول کے سوداگر باپ کا بیٹا مشہور گانے کا بہت شوقین تھا۔ وہ اکثر رباب اسیکر عبداللہ کے قہوہ خانہ میں جاتا۔ یاسمین رقاصہ اس کے نغمے کے ساتھ رقص کرتی اور سارا قہوہ خانہ جھوم اٹھتا تھا۔ باپ کو بیٹے کی یہ حرکات پسند نہیں۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

گانے

دربار کے

گانا نمبر ۱

میری جان جاتی ہے مجھ کو سنبھالو
وہ بانکا جو جاتا ہے اسکو بلا لو
بہاریں چمن سے جدا کر رہے ہو
بڑے ناسمجھ ہو یہ کیا کر رہے ہو
ذرا سوچو سمجھو ذرا دیکھو بھالو
وہ بانکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
میں نغمہ ہوں لیکن میرا ساز وہ ہے
اگر ہار میں ہوں تو آواز وہ ہے
چلے جاؤ روٹھے ہوئے کو منا لو
وہ بانکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔
خوشی دو گھڑی کی ہے غم جیتے جی کا
تمہیں کیا ملا دل دکھا کر کسی کا
محبت کرو زندگی کا مزا لو
وہ بانکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

گانا نمبر ۲:- تیری ادا پر نثار کرنے ہم دل کو لایا تیری گلی میں
زمانے بھر کا حسین تحفہ ہمیں ملے گا تیری گلی میں
میں ایسی کافر نظر کے صدقے کہ جس نے میرا غرور توڑا
جو سر کہیں بھی نہ جھک سکا تھا وہ سر جھکایا تیری گلی میں
بڑے مزے کا ہوا ہے سودا تیری امانت تجھی کو دیدی
جو دل ملا تھا تیری گلی میں وہ دل لٹایا تیری گلی میں
تیری نگاہوں میں وہ اثر ہے کہ بن گیا خود ہی دل نشانہ
جو تیر اب تک کہیں نہ کھایا وہ تیر کھایا تیری گلی میں

گانا نمبر ۳:- کیوں دل پہ رکھا ہاتھ ہے۔ یہ نہ پوچھو بات ہے
کیوں تڑپ کے کٹتی رات ہے۔ یہ نہ پوچھو بات ہے
کیوں ٹھنڈی آہیں بھرتی ہو۔ یا دل سے باتیں کرتی ہو
یہ بولو کس پہ مرتی ہو۔ یہ کس کا تصور ساتھ ہے
یہ نہ پوچھو بات ہے
کس نے جادو ڈالا ہے۔ یہ رنگ کہاں سے پایا ہے
وہ کونسا قسمت والا ہے۔ جو ہر دم دل کے ساتھ ہے
یہ نہ پوچھو بات ہے
تم جاؤ تمہارا دل جانے۔ ہم کیسے یہ باتیں بتلائیں
کہنا نہ دل کے افسانے۔ کیوں بے موسم برسات ہے
یہ نہ پوچھو بات ہے

گانا نمبر ۴:- اگر تم دل ہمارا لے کے پچھتائے تو رہنے دو
نہ کام آئے تو واپس دو جو کام آئے تو رہنے دو
میرا رہنا تمہارے در پہ لوگوں کو کھٹکتا ہے

اگر کہدو تو اُٹھ جاؤں جو رحم آئے تو رہنے دو
پسند آیا ہے دل میرا تو اپنے پاس رہنے دو
مجھے پیاری جدائی گر برا کہتی ہے کہنے دو
مجھے تم سے محبت ہے میں تم سے پیار کرتا ہوں
مگر میں تم سے اپنی داستان کہتے سے ڈرتا ہوں
زباں کھلتی نہیں یہ داستاں نظروں سے کہنے دو
پسند آیا ہے
مبارک ہو تمہاری مسکراتی زندگی تم کو
میرے ناکام رہنے میں جو ہوتی ہے خوشی تم کو
تو میں ناکام ہی اچھا مجھے ناکام رہنے دو
پسند آیا ہے ....
ابھی کیا ہے ابھی تو ہر قدم میں چوٹ کھانا ہے
مگر دل کو تمہارے پیار کے قابل بنانا ہے
مجھے رسوائیاں اپنی خوشی کے ساتھ سہنے دو
پسند آیا ہے ....

گانا نمبر ۵

یونہی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے صنم تو بیٹھا رہے میں دیکھا کروں
ہمیں چھوڑ نہ سکیں دنیا کے ستم، تو بیٹھا رہے .....
دل کہتا ہے تجھ کو سجدے کروں تیرے ساتھ جیوں تیرے ساتھ مروں
جب تک رہے سینے میں دم، تو بیٹھا رہے ....
نظریں ہیں جہاں پیاسی ہے دل میں، یہ پیاس کبھی بجھنے کی نہیں
جلووں کی قسم صورت کی قسم، تو بیٹھا رہے .....

اے چاند میری اُمیدوں کے اے مالک میری نیندوں کے
تیرا پیار نہ ہو کبھی دِل سے کم ، گو بیٹھا رہے ......
گانا ملکہ :- کیا پایا دُنیا نے دو پیار بھرے دِل توڑ کے
غم سہنے پڑتے ہیں اُلفت سے ناتا جوڑ کے
جی بھر کے ہم دیکھ سکے نہ خوشیوں کے دن چار
ملتے ہی ہم بچھڑ گئے میرا روتا رہ گیا پیار
دُکھ آئے گھیر گھیر کے سُکھ چلے گئے منہ پھیر کے
تم ہو جُدا ، دُشمن ہے زمانہ ، ، دُشمن ہے تقدیر
سانسیں مجرم ، لفظیں قیدی ، پاؤں میں زنجیر
مرنے کا اِرادہ ہے ، دیواروں سے سر پھوڑ کے
دُنیا ہے بیدرد زمانہ غم بھی خوشی کے ساتھ
پیار کا سورج پھر چمکے گا کٹ جائیگی رات
کہیں سر نہ جھکا دنیا اُمید کا دامن چھوڑ کے
کیا پایا دُنیا نے ......
گانا ملکہ :- ہم کیوں روتے ہیں راتوں کو
کوئی کیا جانے اِن باتوں کو
چُپ رہ کے ہر اک غم سہتے ہیں
تنہائی میں آنسو بہتے ہیں
ہم سب سے چھپائے رہتے ہیں ساون کے موسم برساتوں کو
ٹوٹا ہوا دِل بے چین نظر
دن رات سلگنے والا جگر
اے پیار بتا دے جائیں کدھر ہم لیکے تیری سوغاتوں کو

دُکھ درد سہے شکوے نہ کئے
ہر زہر سے ہر روز جئے
ہم نے بھی دُعا کرنے کیلئے سو بار اُٹھایا ہاتھوں کو
ہم کیوں روتے ہیں راتوں کو
کوئی کیا جانے ان باتوں کو

گانا نمبر ۱: کروں میں کس سے گلا جب خدا نے لوٹ لیا
کسی غریب کا گھر بادشاہ نے لوٹ لیا
لہو سے دل کے جلایا تھا جو چراغ ہم نے
اسی چراغ کو ظالم ہوا نے لوٹ لیا
دُہائی ہے ارے انصاف کی دُہائی ہے
کہ اِک فقیر کو عالم پناہ نے لوٹ لیا

گانا نمبر ۲: میں نے تجھے دیکھا ہے، میں نے تجھے دیکھا ہے
ہر چیز میں دُنیا کی، تو ہے تیرا جلوہ ہے
نظروں میں نظاروں میں، جگنو میں بہاروں میں، شمع میں شراروں میں
موجوں میں کناروں میں، شبنم کی پھواروں میں، اور چاند ستاروں میں
تو ہے تیرا جلوہ ہے، میں نے تجھے دیکھا ہے
بہتی ہوا لہروں میں، خاموش فضاؤں میں، ساون کی گھٹاؤں میں
بجلی کی اداؤں میں، بلبل کی صداؤں میں، عاشق کی دُعاؤں میں
تو ہے تیرا ....
معصوم نگاہوں میں، مجبور کی آہوں میں، محبوب کی باہوں میں
اُلفت کی پناہوں میں، تقدیر کی راہوں میں، درویشوں میں شاہوں میں
تو ہے تیرا ....

گانا نمبر ۸ دوپٹہ میرا ڈھلک گیا سر سے
ڈھلک گیا سر سے سرک گیا سر سے
ڈھلکا دوپٹہ تو جھولی بنالی
پھیلا کے جھولی بن کے سوالی
مانگوں دِل کی مُراد
کردو دِل میرا شاد

مَیں تو خالی نہ جاؤنگی اس در سے
دوپٹہ میرا ڈھلک گیا ۔۔۔
سُنتی ہوں تم تو ہو سب کے سہارے
آئی ہوں آج میں بھی در پہ تمہارے
سُن لو میری پُکار
جھولی بھر دو سرکار
میری بگڑی بنے گی اسی در سے
دوپٹہ میرا ڈھلک گیا ۔۔۔
لُوٹا چمن کو میرے ظالم خزاں نے
دِل پہ گرائی بجلی پھر آسماں نے
ٹُوٹی ہر ایک آس
زندگی ہے اُداس
ابر رحمت اِدھر بھی ذرا برسے
دوپٹہ میرا ڈھلک گیا ۔۔۔

ختم شُد

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اِس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ یورپ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیاء بنانیکے نسخے۔ صابن تیل۔ کریم۔ پاؤڈر۔ اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنیکے طریقے درج ہیں گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔

قیمت صرف ۳/۱۰/۰ محصولڈاک معاف

جواہرات کا ذخیرہ

جس میں اچار چٹنی۔ مربے۔ شربت۔ عرق۔ کشتہ۔ چورن۔ معجون۔ خمیرہ۔ پیٹنٹ ادویہ کے نسخے اور مٹھائیاں بنانیکے گر۔ ہزارہا روپے کے قیمتی فارمولے کوڑیوں سے اشرفیاں پیدا کرنیوالے راز تحریر کر دیئے گئے ہیں۔ ایک کتاب منگا کر ضرور فائدہ اُٹھائیے۔

قیمت صرف ۱/۸/۰ محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کی گئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں کی کٹنگ۔ لیڈیز کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو اس کتاب کے اندر ہی ملے گا۔

قیمت صرف ۳/۱۰/۰ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی